PR NO 26

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ہیڈ آفس، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کا دورہ

اتھارٹی زیر تکمیل منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کرے اور الاٹیوں کی سنیارٹی لسٹ ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرے۔ وفاقی محتسب

معائنہ ٹیم نے افسران اور الاٹیوں کے ساتھ ملاقاتیں کر کے ان کی شکایات سنیں اور مسائل کا جائزہ لیا

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (ایف جی ای ایچ اے) کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق، ڈپٹی ایڈوائزر پرویز حلیم، کنسلٹنٹ خالد سیال، سینئر انوسٹی گیشن افسر عدنان احمد اور ایسوسی ایٹ رابطہ افسر فاطمہ بنت اقبال پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم تشکیل دے کر شکایات کا جائزہ لینے کے لئے ایف جی ای ایچ اے بھیجی۔ ٹیم نے حقیقی صورتحال جاننے کے لئے اتھارٹی کے اعلیٰ افسران کے ساتھ میٹنگ کے علاوہ موقع پر موجود کسٹمرز اور شکایت کنندگان سے بھی ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور مسائل کا جائزہ لیا۔ کمیٹی نے اپنی ابتدائی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کے سربراہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ اتھارٹی کے زیر تکمیل تمام منصوبوں کو مکمل کرنے کا ٹائم فریم دیں نیز مختلف اسکیموں میں الاٹیوں کی مکمل سنیارٹی لسٹ فوری طور پر اتھارٹی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کریں۔ دورے کے دوران معائنہ ٹیم نے اس بات کا نوٹس لیا کہ اتھارٹی کے لائف اسٹائل اپارٹمنٹس G-13، بہارہ کہو ہاؤسنگ اسکیم، پارک روڈ ہاؤسنگ اسکیم، گرین انکلیو-1، سکائی لینڈ اپارٹمنٹس، F-14 اور G-14 سمیت متعدد منصوبے زیر تکمیل ہیں جن کے غیر معمولی التواء کے باعث وہ کسٹمرز پریشان ہیں جنہوں نے اپنی چھت کے خواب میں پیسے جمع کرا رکھے ہیں لیکن کئی سالوں سے انہیں محض وعدوں پر ٹرخایا جا رہا ہے۔ کمیٹی نے دورہ کے دوران استقبالیہ پر تمام ہدایات اردو میں آویزاں کرنے نیز کسٹمرز کی سہولت کے لئے دو نئے پرنٹرز فوری طور پر استقبالیہ کو فراہم کرنے کی ہدایات دیں۔ کمیٹی نے شکایت کنندگان سے ملاقات کر کے محسوس کیا کہ وہ اتھارٹی کے دفتری نظام سے مجموعی طور پر مطمئن ہیں۔ معائنہ ٹیم اپنی تفصیلی رپورٹ ایک ہفتہ کے اندر وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

16 اگست 2023ء